تعلیم میں صرف کیا جائے کیونکہ وہی دین کی بنیاد ہیں، اور عبادات و معاملات کے صرف اصول اور امہات مسائل بیان کر کے تفصیلات کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر چھوڑ دیا جائے۔

(۶) مسلمانوں کی تباہی کا سبب روایات نہیں ہیں بلکہ نفسانیت، اور عصبیت جاہلیہ، اور فروع کو اصول سے بڑھ کر اہمیت دینے کی حماقت، اور کتاب اللہ و سنت رسول ص کو چھوڑ کر اپنے مزعومات میں حد سے زیادہ غلو کرنے کی عادت، اور نئے نئے طریقے ایجاد کرنے کا شوق ہے۔ اگر یہ نہ ہو تو روایات کے اختلاف سے کوئی فتنہ پیدا نہیں ہو سکتا، کیونکہ روایات خواہ ضعیف ہوں یا قوی، اور ان کے درمیان خواہ کتنا ہی اختلاف پایا جاتا ہو، بہرحال ان سب کا مرجع رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی ذات ہے، اور ان مختلف روایتوں کو ماننے والے اس امر میں بہر طور متفق ہیں کہ وہ سب آنحضرت صلعم کو اپنا متبوع اور پیشوا مانتے ہیں۔ علاوہ بریں روایات کے اختلاف سے صرف فروع میں اختلاف واقع ہوتا ہے۔ باقی رہے اصول دین تو وہ سب کے سب کتاب پاک میں موجود ہیں جو روایات سے بالاتر، اور تمام مسلمانوں میں مشترک ہے۔ پس اگر مسلمان خلوص نیت کے ساتھ اس حقیقت کا ادراک کر لیں کہ وہ سب کتاب اللہ کے ماننے والے اور رسول اللہ ص کا اتباع کرنے والے ہیں، اور ان کے درمیان اصول دین مشترک ہیں، تو وہ اختلاف مٹ سکتا ہے جو تمام فتنوں کا منبع ہے۔ اور اگر اس کا ادراک نہ ہو تو روایات کا سارا دفتر نذرِ آتش کر دینے سے بھی اختلاف دور نہیں ہو سکتا۔ انسان کے نفس میں وہ شیطان موجود ہے جو قرآن کو بھی جنگ و جدل کا آلہ بنانے سے نہیں چوکتا۔

(۷) "ایک آرڈر" آپ کس معنی میں چاہتے ہیں؟ اگر آپ کا مقصد یہ ہے کہ فروع میں کوئی اختلاف نہ ہو تو جب تک انسان کی فطرت نہ بدل جائے، یہ مقصد حاصل نہیں ہو سکتا۔ بشری فطرت کے ساتھ تو یہ بھی ممکن نہیں کہ صرف دو ہی آدمیوں کا نقطۂ نظر بالکلیہ ایک ہو جائے۔ لہٰذا ایسا "ایک آرڈر" تو کبھی قائم نہیں ہو سکتا جس میں کسی نوع کا اختلاف رائے اور اختلاف عمل سرے سے موجود ہی نہ ہو۔ ہاں اگر آپ "ایک آرڈر" سے مراد ایسا آرڈر لیتے ہیں جو اصولوں کی وحدت پر مبنی ہو تو خدا کی کتاب اور اس کے رسول ص نے ایسا ہی آرڈر قائم کیا تھا اور